# 5441 ـ کیا اسلام تلوار کی نوک سے پھیلا ہے

**سوال**

کچھ دشمنان اسلام یہ دعوی کرتے ہیں کہ اسلام تلوار کی نوک سے پھیلا ہے ، توآپ اس کا رد کس طرح کرتے ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

دین اسلام اس شخص کی نسبت توحجت ودلیل اوربیان وضاحت کے ساتھ پھیلا ہے جودین اسلام کی تبلیغ کوسنتا اورقبول کرتا ہے ، لیکن جس نے دین اسلام کونہیں مانااوراس کا انکار کیا اس کے خلاف سازشیں کیں اس کی نسبت دین اسلام قوت وطاقت اور تلوار کی نوک سے پھیلا حتی کہ وہ اس پرغالب ہوا اوراس کی دشمنی جاتی رہی تواس بنا پروہ مسلمان ہوگیا ۔ .